خبر نامۂ فوکس

اردو کے طلبہ وطالبات کی تعلیمی پیش رفت اور کارکردگی کا عکاس

August 201 Vol:1 Issue No: 2 | Page 1 | KHABAR NAMA-E-FOCUS | صفحہ 1 | اگست 2019ء جلد(1) شمارہ(۲)

فوکس اسکول، پی وائی پی

انتظار: ہر ماہ کا آخری ہفتہ

کھوتے ہیں اگر جان تو کھو لینے دے : ایسے میں جو ہو جائے وہ ہو لینے دے

ایک عمر پڑی ہے صبر بھی کرلیں : اس وقت تو جی بھر کے رو لینے دے

فراق گورکھپوری



پہچانو تو جانیں ؟

مندرجہ بالا اردو شعراء کو پہچانیں اور ان کے اشعار اپنی پسند سے لکھ کر بھیجیں۔ پہلے طالب علموں کے بھیجے گئے اشعار کو ان کے نام کے ساتھ اگلے شمارے میں شائع کئے جائیں گے۔

طلباء وطالبات کی مشاعرہ میں شرکت

درجہ پنجم کی جانب سے منعقد مشاعرہ بعنوان "ہجرت اور مہاجر" میں سبھی سیکشن کے منتخب طلباء نے شرکت کیا اور "منوررانا" کی کتاب سے ۱۵ اشعار زبانی یاد کر کے پیش کیا۔ ہر بچہ کا انداز سخن قابل تعریف تھا۔ البتہ جن بچوں نے کامیابی حاصل کی ان میں سبطِ صادق پہلا، صدیق حسینی نے دوسرا اور رضا علی نے تیسرا مقام حاصل کیا۔ مشاعرہ میں شرکت کے لئے بین الاقوامی شہرت یافتہ شاعر جناب آغا سروش نے شرکت کیا اور بچوں کو اپنے دست مبارک سے مومنٹو پیش کیا۔

سبطِ صادق مشاعرہ کے کامیاب طالب علم

درجہ سوم کے طلباء وطالبات نے تین حرفی الفاظ کو با آسانی پڑھنا سیکھا اور اردو زبان سے دلچسپی بتائی

اردو زبان کی خدمت اور اپنی مادری زبان سکھانے کے لئے دور جدید میں ہر استاد اپنی مہارت کا استعمال کرتا ہے اور طلاب کی صلاحیت میں اضافہ کے لئے نئے نئے انداز اختیار کرتا ہے۔ درجہ سوم کو تین حرفی الفاظ پڑھنا اور لکھنا سکھانے کے بعد استاد نے جائزہ لیا کہ کتنے طلباء تین حرفی الفاظ با آسانی پڑھ سکتے ہیں تو بچوں نے "ہرے کارڈ اور لال کارڈ" سے اپنی صلاحیت کا اظہار کیا۔

پچھلے شمارہ میں جن شعراء کی تصویر چھپی تھی ان کے نام اور اشعار

ہمدم نہیں، رفیق نہیں، مہرباں نہیں
یہ وہ جگہ ہے کوئی کسی کا جہاں نہیں

مرزا دبیر

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کروگے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

مرزا غالب

اردو ہے جس کا نام ہم ہی جانتے ہیں داغ
سارے جہاں میں دھوم ہماری زبان کی ہے

داغ دہلوی

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پر نہیں طاقتِ پرواز مگر رکھتی ہے

علامہ اقبال



اڑتی تھی خاک خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

میر انیس

فوکس اسکول نور خاں بازار میں جشن "یوم آزادی" کی دھوم

ہندوستان کی ۷۳ ویں "یوم آزادی" کے موقع پر فوکس اسکول نور خاں بازار میں پرچم کشائی کی گئی، مہمانِ خصوصی جناب آنند راج ورما صاحب کے ہاتھوں ترنگا لہرایا گیا۔ اس موقع پر اسکول کے تمام اساتذہ اور طلاب موجود تھے۔ پرچم کشائی کے بعد "قومی ترانا" ہوا۔ اس کے بعد درجہ اول تا پنجم کے بچوں نے یوم آزادی کو جوش وخروش سے منایا۔ اور مختلف انداز سے پیشکش کیا۔
اسکول کے طلباء وطالبات نے ہندوستانی شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کا لباس پہن کر ان کے نعروں کو بلند کیا۔